© rasailojaraid.com



# رسید تحائف احباب

مجلّہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے جولائی اگست ۲۰۱۰ کے دوران حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) مجلس ادارت۔

اس بار جو علمی تحائف ہمیں احباب سے موصول ہوئے ان میں سر فہرست ہمارے دوست مفتی محمد امین قادری مرحوم کی کتاب عقیدۃ ختم النبوۃ کی چار مزید جلدیں ہیں جس کی ابتدائی چھ جلدیں ۲۰۰۷ تک شائع ہوچکی تھیں اور ۲۰۰۹ میں چار مزید جلدیں مرتب ہوکر دس جلدوں کا سیٹ مکمل ہوگیا ہے۔ یہ کتاب دراصل ان کتب کا مجموعہ ہے جو مرزا قادیانی کے رد میں اور قادیانی تحریک کے حوالہ سے ہندو پاک کے سنی علماء کرام نے لکھیں اور جن میں سے اکثر شائع ہوکر اب ناپید ہورہی تھیں کہ جناب مفتی صاحب نے ان کتب کے احیاء کا ارادہ کیا اللہ تبارک وتعالی نے انہیں اس ارادے میں کامیابی عطا کی یہ دوسری بات ہے کہ وہ اس مجموعہ کی اشاعت سے قبل ہی دنیا سے رخصت ہوکر عقبی میں جا گزیں ہوگئے۔ پیش نظر چار جلدوں میں جو کتابیں شائع ہوئی ہیں ان کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

اس مجموعہ کی ساتویں جلد میں حسب ذیل کتب شامل ہیں:

تیغ غلامِ گیلانی برگردنِ قادیانی اور جواب حقانی در رد بنگالی قادیانی

دونوں کتابیں قاضی غلام گیلانی صاحب (م ۱۹۳۰ء) کی لکھی ہوئی ہیں۔

آٹھویں جلد میں حسب ذیل کتب شامل ہیں

الظفر الرحمانی فی کسف القادیانی، از حضرت علامہ مفتی غلام مرتضی صاحب (م ۱۹۲۸)

ختم النبوۃ از حضرت علامہ مفتی غلام مرتضی صاحب (م ۱۹۲۸)

اکرام الحق کی کھلی چٹھی کا جواب، حضرت علامہ حکیم ابوالحسنات قادری صاحب

البرزشکن گرزعرف مرزائی نامہ، حضرت مولانا مرتضی احمد خان میکش ( / ۱۹۵۹ء)

پاکستان میں مرزائیت کا مستقبل، حضرت مولانا مرتضی احمد خان میکش ( / ۱۹۵۹ء)

☆ ثواب کا دارومدار نیت پر ہے ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قادیانی سیاست ، حضرت مولانا مرتضی احمد خان میکش (/۱۹۵۹ء)

کیا پاکستان میں مرزائی حکومت قائم ہوگی ، حضرت مولانا مرتضی احمد خان میکش (/۱۹۵۹ء)

نویں جلد میں حسب ذیل کتب شامل ہیں

تازیانہ عبرت از مولانا کرم الدین دبیر (م ۱۳۶۵ھ)

السیوف الکلامیہ لقطع الدعاوی الغلامیۃ ، از مفتی محمد عبدالحفیظ حقانی (م ۱۹۵۸ء)۔

قہر یزدانی بر قلعہ قادیانی ، از محمد نظام الدین حنفی قادری (م ندارد)

دسویں جلد میں حسب ذیل کتب شامل ہیں

برق آسمانی بر خرمن قادیانی ، از علامہ ظہور احمد بگوی (م ۱۹۴۵)

تحریک قادیان (یہ عقیدہ ہمارے لئے کیوں قابل قبول نہیں)

از مولانا سید حبیب مدیر سیاست لاہور (م ۱۹۵۱)

الحق المبین (مرزائیوں کے سوالات کے جوابات)،

از حکیم مولوی عبدالغنی ناظم نقشبندی (م ۱۹۶۶ء)

مندرجہ بالا کتب کا مجموعہ (دس جلدوں پر مشتمل) مکمل سیٹ ادارہ تحفظ عقائد اسلامیہ کراچی نے شائع کیا ہے جو آفس نمبر 5 پلاٹ نمبر 111-Z عالمگیر روڈ کراچی کے علاوہ ملک کے ہر اچھے کتب خانہ پر دستیاب ہے۔ کتاب پر اس ادارہ کی ویب سائٹ کا ایڈریس یوں درج ہے۔

www.khatmenabuwat.com

نئی کتاب.........خوبصورت طباعت.........دیدہ زیب جلد

**فضلِ قدیر** ترجمہ تفسیرِ کبیر

از محققِ عصر مفتی محمد خان قادری صاحب

ناشر: مرکز تحقیقات اسلامیہ، جامعہ اسلامیہ لاہور

ہر معروف کتب خانہ پر دستیاب ہے۔

☆ الضرورات تبیح المحظورات ☆ ضرورتیں ممنوعات کو مباح کر دیتی ہیں ☆

© rasailojaraid.com